سوال

(205)مرغ کی قربانی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مرغ کی قربانی جائزہے یانہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرغ کی قربانی کسی صحیح یاضعیف مرفوع حدیث سے ثابت نہیں آں حضرتﷺ کے زمانہ میں صحابہ کرام میں اکثر غریب تھے لیکن آپ نے کبھی کسی عام یاخاص طورپر مرغ کی قربانی کاحکم نہیں دیا۔اس لئے میں مرغ کی قربانی کوسنت کے خلاف سمجھتاہوں طریقہ نبوی یہ ہے کہ اونٹ یاگائے یابکریا بھیڑیادنبہ کرقربانی دیے جائے ۔اگرآپ محب سنت رسول ہیں تومذکورہ بالاجانوروں کی قربانی کیجیے

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب الأضاحي والذبائح

صفحہ نمبر 406

محدث فتویٰ